


# اسکول کی حاضری بہتر بنانے کی خاطر مل کر کام کرنا

## اسکولوں کے لیے ٹول کٹ

اسکول کی حاضری سے متعلق نئی قانونی ذمہ داریوں کے نفاذ کے ضمن میں، مقامی اتھارٹیز اور اسکولوں کے لیے یہ ٹول کٹ دستیاب ہے جس میں شامل معلومات کو آپ اپنے والدین تک پیغام کی ترسیل کے دوران کارآمد پائیں گے۔

- **ویب سائٹ کا مواد**
- **اسکول نیوز لیٹرز**
- **خط کا مواد**
- **سوشل میڈیا**
- **ٹیکسٹ**

CITY OF
WOLVERHAMPTON
COUNCIL

# ویب سائٹ کا مواد

**اہم اپ ڈیٹ: تعلیم سے متعلقہ سزا کے نوٹسز میں تبدیلیاں**

آپ اس بات سے آگاہ ہوں گے کہ محکمۂ تعلیم نے حال ہی میں سزا کے نوٹسز میں قومی سطح پر تبدیلیوں کا اعلان کیا ہے۔

یہ تعلیمی مدت کے دوران بلا اجازت غیر حاضری کے ضمن میں جاری کی گئی ہیں اور 19 اگست 2024 سے نافذ العمل ہوں گی۔

**کیا تبدیل ہو رہا ہے؟**

19 اگست 2024 کے بعد سے سزا کے ایسے نوٹسز جو کہ نافرمانیوں کے ضمن میں جاری کیے جاتے ہیں ان میں فی والد/والدہ فی بچہ کی بنیاد پر £160 کی نئی شرح سے جرمانے وصول کیے جائیں گے۔ تاہم، 21 دنوں کے اندر ادائیگی کی صورت میں رقم £80 تک کم کر دی جائے گی۔

**یہ کیوں اہم ہے؟**

اسکول کی باقاعدہ حاضری آپ کے بچے کی تعلیمی پیش رفت کے لیے انتہائی اہم ہے۔ باقاعدہ حاضری سے بچوں کو طویل مدتی دوستیاں قائم کرنے اور باہمی تعلقات کی اہم مہارتیں پیدا کرنے کا موقع ملتا ہے، اور یہ حاضریاں بہتر ذہنی صلاحیتوں اور مجموعی فلاح و بہبود میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

**بلا اجازت غیر حاضریاں اور جرمانے:**

- والدین کو قومی فریم ورک کے حدِ اثر سے آگاہ ہونا چاہیئے۔
- پہلی بار خطا کرنے پر خطا کار کو فی والد/والدہ فی بچہ کی بنیاد پر £160 جرمانہ ادا کرنا ہو گا، جو کہ 21 دنوں کے اندر ادا کیے جانے کی صورت میں £80 تک کم ہو جائے گا۔
- خطا کار کو (3 سالوں میں) دوسری بار خطا کرنے پر فی والد/والدہ فی بچہ کی بنیاد پر £160 ادا کرنا ہوں گے۔
- تیسری نافرمانی کا نتیجہ قانونی کارروائی اور £1000 تک کے جرمانے کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

**اپنے بچے کی تعلیم کو محفوظ بنائیں:**

باخبر رہیے نیز تبدیلیوں اور یہ آپ کے بچے کی حاضریوں کو کیسے متاثر کرتی ہیں، کے بارے میں مکمل تفصیلات کے لیے اس ***XX*** *School (to include link to own page that includes details about attendance)* پر جائیں۔

**'قومی فریم ورک کی حدِ اثر'** کے بارے میں مزید تفصیلات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں:

*اسکول کی حاضری بہتر بنانے کے لیے مل کر کام کرنا (19 اگست 2024 سے نافذ العمل) (publishing.service.gov.uk)* صفحہ 54۔

اگر آپ اوپر بیان کی گئی کسی بھی بات کے بارے میں آپ تبادلہ خیال کرنا چاہتے ہیں تو رابطہ کریں، اسکول آپ کی مدد کے لیے دستیاب ہے۔

**اہم اپ ڈیٹ: بحوالہ تعلیمی مدت کے دوران بلا اجازت رخصت**

ہم تعلیمی مدت کے دوران بلا اجازت غیر حاضریوں کے لیے سزا کے نوٹسز میں اہم تبدیلیوں کے بارے میں تمام والدین اور سرپرستگان کو آگاہ کرنا چاہتے ہیں، جو کہ 19 اگست 2024 سے نافذ العمل ہوں گی۔

*آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے:*

- سزا کی نئی شرح: فی والد/والدہ فی بچہ £160۔ اگر 21 دنوں میں ادا کیا جائے تو £80 ادا کیے جائیں گے۔
- دوسری سزا: اسی بچے کے لیے 3 سال کی مدت کے اندر دوبارہ اجراء کی صورت میں بغیر کسی رعایت کے £160 ادا کرنے ہوں گے۔
- حدِ اثر: 10 تعلیمی ہفتوں میں بلا اجازت غیر حاضری کے 10 سیشنز (5 دن) کے بعد سزا کا نوٹس (بمطابق وولورہیمٹن کی شہری کونسل کا ضابطہ اخلاق برائے جرمانے کا نوٹس)۔
- حد: 3 سالوں کے دوران ایک بچے کو سزا کے زیادہ سے زیادہ 2 نوٹسز۔ مزید نافرمانیوں کے نتیجے میں کارروائی کی جا سکتی ہے۔

یہ تبدیلیاں آپ کے بچے کی تعلیم کی خاطر اسکول میں مسلسل حاضریوں کی اہمیت پر زور دیتی ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے، براہ کرم ہمارے اسکول کے دفتر آئیں یا ہم سے براہ راست رابطہ کریں۔

# خط کا مواد

**اہم اپ ڈیٹ: تعلیمی مدت کے دوران بلا اجازت چھٹی کرنے سے متعلق تبدیلیاں**

محترم والدین اور سرپرستگان،

ہم آپ کو تعلیمی مدت کے دوران بلا اجازت غیر حاضریوں سے متعلق محکمہ تعلیم کی جانب سے اعلان کردہ حالیہ تبدیلیوں کے بارے میں آگاہ کرنا چاہتے ہیں۔ یہ تبدیلیاں 19 اگست 2024 سے نافذ العمل ہوں گی۔

*یاد رکھنے کے قابل اہم تبدیلیاں:*

- سزا کی نئی شرح: 19 اگست 2024 سے، بلا اجازت غیر حاضریوں کے لیے سزا کے نوٹس کے تحت فی والد/والدہ فی بچہ £160 وصول کیا جائے گا۔ 21 دنوں کے اندر ادائیگی کی صورت میں رقم £80 تک کم ہو جائے گی۔
- دوسری مرتبہ نافرمانی کی سزا: اگر اسی بچے کو 3 سال کی مدت کے دوران سزا کا دوسرا نوٹس جاری کیا گیا، تو قیمت £160 ہی رہے گی، لیکن اس میں کوئی رعایت نہیں دی جائے گی اور یہ 28 دنوں کے اندر ادا کرنا ہو گا۔
- سزا کے نوٹسز کے لیے حدِ اثر: سزا کا نوٹس، 10 تعلیمی ہفتوں کی مدت کے دوران بلا اجازت غیر حاضری کے 10 سیشنز (5 ایام کے مساوی) ہونے کی صورت میں زیر غور لایا جائے گا۔ اس میں رجسٹر کے بند ہونے کے بعد تاخیر سے اسکول آنا بھی شامل ہے۔ 10 تعلیمی ہفتے مختلف مدتوں یا تعلیمی سال پر محیط ہو سکتے ہیں۔
- سزا کے نوٹسز پر حد: ایک ہی بچے کے لیے والد/والدہ کو 3 سال کے اندر زیادہ سے زیادہ سزا کے 2 نوٹسز جاری کیے جا سکتے ہیں۔ مزید نافرمانیوں کی صورت میں قانونی کارروائی یا دیگر قانونی مداخلتیں نافذالعمل ہو سکتی ہیں۔

**وضاحت کے لیے مثالیں:**

1. 19 اگست 2024 سے پہلے کی غیر حاضریاں: اگر کوئی بلا اجازت غیر حاضری 19 اگست 2024 سے پہلے کی گئی ہے، تو سزا کے نوٹس میں موجودہ قواعد اور شرح (£60/£120) کی پیروی کی جائے گی۔ ان غیر حاضریوں کو نئے اضافہ شدہ قوانین کے تحت شمار نہیں کیا جائے گا۔

   مثال کے طور پر، جو والد/والدہ جولائی 2024 میں 10 سیشنز کے لیے بچے کو اسکول سے غیر حاضر رکھتے ہیں وہ پرانے قواعد کے تحت سزا کا نوٹس وصول کریں گے، خواہ یہ نوٹس ستمبر میں ہی کیوں نہ جاری کیا گیا ہو۔
2. 19 اگست 2024 کے بعد کی غیر حاضریاں: 19 اگست 2024 کے بعد کی جانے والی بلا اجازت غیر حاضریوں کے لیے، نئے قواعد اور شرح (£160/£80) لاگو ہوں گے۔ ان کو نئے اضافی قواعد کے تحت شمار کیا جائے گا۔

مثال کے طور پر، کوئی والد/والدہ ستمبر 2024 میں بچے کو 5 دن کے لیے اسکول سے غیر حاضر رکھتے ہیں تو وہ نئے ضوابط کے تابع ہوں گے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ ان معلومات سے نئی تبدیلیاں آپ کے لیے واضح ہو جائیں گی۔ آپ کے بچے کی تعلیم اور نشوونما کے لیے باقاعدہ حاضری کو یقینی بنانا انتہائی اہم ہے۔

مزید تفصیلات کے لیے، یا اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم اسکول کے دفتر سے رابطہ کریں۔

بصد خلوص،

**[Your School’s Name]**

# سوشل میڈیا پوسٹس

⭐اہم اپ ڈیٹ: برائے والدین ⭐
19 اگست 2024 سے شروع، بلا اجازت غیر حاضریوں کے لیے نئی ہدایات موجود ہوں گی:
اہم نکات:

1. سزا کی نئی شرح: فی والد/والدہ فی بچہ £160، اگر 21 دن میں ادا کی جائے تو £80۔
2. 3 سال کی مدت میں دوسری نافرمانی: بغیر کسی رعایت کے £160۔
3. 10 تعلیمی ہفتوں میں بلا اجازت غیر حاضری کے 10 سیشنز (5 دنوں) کے بعد سزا۔
4. 3 سالوں میں فی بچہ زیادہ سے زیادہ 2 سزائیں۔ مزید نافرمانیوں کے نتیجے میں قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

باقاعدہ حاضری آپ کے بچے کو کامیاب ہونے میں مدد دیتی ہے! کسی بھی قسم کے سوالات کی صورت میں ہم سے رابطہ کریں۔ 🖊️📚

---

سزا کے نوٹس میں تبدیلیاں: ⚠️

- تعلیمی مدت میں بلا اجازت چھٹیاں کرنے کا نتیجہ جرمانے کی صورت میں نکل سکتا ہے۔
- والدین، قومی فریم ورک کے حدِ اثر سے باخبر رہیں۔
- پہلی دفعہ خطا کار کو فی والد/والدہ، فی بچے کے حساب سے (21 دنوں میں ادا کرنے کی صورت میں) £80 جرمانہ دینا ہوگا، تاہم 22 اور 28 دنوں کے درمیان ادا کیا جائے تو جرمانہ £160 تک بڑھ سکتا ہے۔
- خطا کار کو (3 سالوں میں) دوسری بار خطا کرنے پر فی والد/والدہ فی بچہ کی بنیاد پر £160 ادا کرنے ہوں گے۔
- تیسری خطا قانونی کارروائی اور £1000 تک کے جرمانے کا باعث ہو سکتی ہے۔ اپنے بچے کی تعلیم محفوظ بنائیں!

📝 مزید معلومات کے لیے، https://www.wolverhampton.gov.uk/education-and-schools/school-attendance پر جائیں۔

---

📚والدین، براہ کرم حاضریوں اور بلا اجازت رخصت سے متعلق نئے ضوابط کے بارے میں جانیں۔
سزاؤں سے بچنے کے لیے اپنے آپ کو نئی تبدیلیوں سے روشناس کروائیں۔

📝مزید معلومات کے لیے، https://www.wolverhampton.gov.uk/education-and-schools/school-attendance پر جائیں۔

---

حاضری اہمیت رکھتی ہے: 📚
اسکول کی باقاعدہ حاضری آپ کے بچے کی کامیابی، فلاح و بہبود، اور مجموعی نشوونما کے لیے اہم ہے۔ شواہد سے پتا چلتا ہے کہ زیادہ حاضری والے طلباء امتحانات اور جائزوں میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

حاضریوں کے ان ریکارڈ کو مضبوط بنائیں! 💪

# ٹیکسٹ پیغام

اسکول نوٹس:

19 اگست 2024 سے بلا اجازت چھٹیوں کی سزاؤں میں تبدیلیاں۔ £160 فی والد/والدہ فی بچہ (21 دنوں میں ادا کیے جانے کی صورت میں £80)۔ مزید معلومات ہماری ویب سائٹ پر موجود ہیں یا ہمارے اسکول کے دفتر سے رابطہ کریں۔

---

⭐والدین کے لیے اہم اپ ڈیٹ ⭐
بلا اجازت چھٹی کرنے کی سزاؤں میں تبدیلیوں کا آغاز 19 اگست 2024 سے ہو گا! تفصیلات کے لیے اسکول کی ویب سائٹ پر جائیں۔

اس ٹول کٹ کا استعمال کر کے، اسکولز مختلف پلیٹ فارمز کے ذریعے والدین کے ساتھ بلا اجازت چھٹی کرنے پر سزاؤں میں تبدیلیوں کے بارے میں مؤثر طریقے سے بات چیت کر سکتے ہیں تاکہ وضاحت اور فہم و ادراک کو یقینی بنایا جائے۔

اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہیں، تو براہ کرم **حاضری ٹیم** سے بذریعہ ای میل **attendanceandinclusion@wolverhampton.gov.uk** رابطہ کریں